## Konnect by HBL یوٹیلیٹی بِل پیمنٹ – حبیب بینک لمیٹڈ

# Konnect by HBL یوٹیلیٹی بِل پیمنٹ کمپین (''کمپین'') کے لیے شرائط و ضوابط

1. یہ شرائط و ضوابط (''**شرائط و ضوابط**'' یا ''**T&Cs**'') اُن کسٹمرز پر لاگو ہوں گی جو کمپین کے میکانزم کے مطابق کمپین میں حصہ لیں اور (درج ذیل) ٹرانزیکشن انجام دیں۔ جب آپ ٹرانزیکشن انجام دیتے ہیں تو یہ شرائط و ضوابط آپ (''**آپ**'' یا ''**کسٹمر**'') اور حبیب بینک لمیٹڈ (''**HBL**'') کے درمیان معاہدہ تشکیل دیتی ہیں جس کے تحت آپ یہ شرائط و ضوابط قبول کرتے ہیں اور ان کی پابندی پر اتفاق کرتے ہیں۔

2. Konnect by HBL موبائل ایپلی کیشن کے ذریعے یوٹیلیٹی بِل ادا (''**ٹرانزیکشن**'') کرکے کسٹمرز -/50 روپے تک کا کیش بیک حاصل کریں گے۔

3. اس کمپین میں، کیش بیک کے مختلف درجے ہوں گے، کیش بیک کی رقم 1 یوٹیلیٹی بِل پر -/5 روپے سے شروع ہوگی اور 3 یوٹیلیٹی بِلوں پر -/50 روپے تک جائے گی۔

   a. درج ذیل ٹیبل میں اہل ٹرانزیکشن کی تعداد اور اس کے کیش بیک کی تفصیل فراہم کی گئی ہے:

| مہینہ 1 | کیش بیک 1 | مہینہ 2 | کیش بیک 2 | مہینہ 3 | کیش بیک 3 |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 یوٹیلیٹی بِل | 5 روپے | 2 یوٹیلیٹی بِل | 15 روپے | 3 یوٹیلیٹی بِل | 50 روپے |

4. اگر کسٹمر ایک بِل ادا کریں گے تو انھیں -/5 روپے کا کیش بیک ملے گا۔ اگر وہی کسٹمر اگلے مہینے میں دو بِل ادا کریں گے تو انھیں -/15 روپے کا کیش بیک ملے گا۔ اگر وہ کسٹمر اگلے مہینے تین بِل ادا کریں گے تو انھیں -/50 روپے کا کیش بیک ملے گا۔

5. کسٹمرز کمپین کے عرصے کے دوران صرف ایک بار انعام کے اہل ہیں۔ کیش بیک کی رقم کمپی

6. ن کے عرصے کے دوران کسٹمر کی جانب سے ادا کردہ یوٹیلیٹی بِلوں کی مجموعی تعداد پر کلکولیٹ کی جائے گی۔

7. یہ کمپین ملک بھر میں تمام بجلی، انٹرنیٹ، گیس، لینڈ لائن/ ٹیلی فون، پانی اور سیوریج کے بِلوں کے لیے موثر ہے۔

8. بینک کسٹمرز کے لیے نئے جنھوں نے کمپین کے آغاز کے بعد ایپ کو رجسٹر کیا ہے اور وہ کسٹمرز جنھوں نے گزشتہ 2 ماہ Konnect by HBL سے بل ادا نہیں کیا ہے وہ کیش بیک کے اہل ہوں گے۔

9. کیش بیک کا انعام کسٹمرز کی جانب سے صرف Konnect by HBL کے ذریعے انجام دی جانے والی ٹرانزیکشنز پر لاگو ہوگا۔

10. کیش بیک کا انعام کمپین ختم ہونے کے ایک مہینے بعد کسٹمر کے اکاؤنٹ میں فراہم کردیا جائے گا۔

11. HBL کمپین کے لیے کمیونی کیشن کے مختلف طریقے استعمال کرسکتا ہے، جن میں سوشل میڈیا، ایپلی کیشنز، ایجنٹ لوکیشن، SMS وغیرہ شامل ہوسکتے ہیں۔

12. صرف وہی کسٹمرز کمپین کے لیے اہل ہوں گے جو کمپین کی اعلان کردہ پیشکش کے مطابق ٹرانزیکشن انجام دیں گے۔

13. اگر HBL میں کسٹمر کا اکاؤنٹ بند، بلاک، بلیک لسٹ (یا ان میں سے کچھ بھی) ہوگیا ہو تو کسٹمر فوراً نااہل ہوجائیں گے۔

14. HBL کسی بھی وقت کمپین ختم کرنے کا حق محفوظ رکھتا ہے اور HBL کی ویب سائٹ، یعنی https://www.hbl.com اور Konnect کا ویب پیج، یعنی https://www.hbl.com/personal/konnect اپڈیٹ کرتے ہوئے کسی بھی وجہ سے ان شرائط و ضوابط میں کسی بھی وقت ترمیم کرسکتا ہے۔ کسٹمرز ایسی کسی بھی ترامیم کے پابند ہوں گے اور کسٹمرز کو اس کی اطلاع دی جائے گی تاہم انھیں بھی موجودہ شرائط و ضوابط کا جائزہ لینے کے لیے وقتاً فوقتاً HBL کی ویب سائٹ اور Konnect کا ویب پیج وزٹ کرتے رہنا چاہیے۔

15. یہ کمپین صرف اُن اہل کسٹمرز کے لیے نافذ العمل ہے جو Konnect by HBL موبائل ایپلی کیشن استعمال کرتے ہوں۔

16. یہ کمپین صرف پاکستان میں رہنے والے کسٹمرز کے لیے لاگو ہے۔

17. HBL اسٹاف اس کمپین کے لیے اہل نہیں۔

18. یہ کمپین محدود وقت کے لیے ہے اور 26 فروری 2024ء سے 26 مئی 2024ء (''**کمپین کا دورانیہ**'') تک موثر ہے۔

19. کسٹمرز کو Konnect by HBL (برانچ لیس بینکاری) کے شارٹ کوڈ 8425 اور HBL کے شارٹ کوڈ 4250 سے SMS وصول ہوسکتے ہیں۔

20. کسٹمرز کو اپنے اکاؤنٹس سے متعلقہ کوئی پن کوڈ، پاس کوڈ، پاس ورڈ، وغیرہ کسی کے بھی ساتھ ہرگز شیئر نہیں کرنا چاہیے۔

21. ان شرائط و ضوابط کو قبول کرتے ہوئے، کسٹمر یہ بھی اتفاق کرتے ہیں کہ ٹرانزیکشن کی پروسیسنگ سے متعلق تمام فیصلوں میں حتمی فیصلہ سازی کا اختیار HBL کے پاس ہے۔

22. ان شرائط و ضوابط کا انتظام اور تشریح پاکستان کے قوانین کے مطابق کی جائے گی۔